23/05/2025

12.30 PM(5 min)

آداب

یہ آکاش وانی سرینگر ہے ۔

اب آپ  محمد اعظم سے خبریں سُنئے

وزیر اعلیٰ

وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے کہا ہے کہ تمام علاقوں کے جائز مسائل اور ترقیاتی ضروریات کو ترجیحی بنیادوں پر پورا کیا جائے گا ۔وہ سرینگر میں متعدد ارکان قانون سازیہ کے ساتھ ایک میٹنگ کے دوران بول رہے تھے ۔ انہوں نے کہا کہ لوگوں کے معیار حیات میں بہتری لانے اور ان کی راحت رسانی میں کوئی بھی لیت و لعل نہیں کیا جائے ۔ وزیر اعلیٰ نے تجارتی طبقے کے جائز خدشات کو حل کرنے کے اپنی حکومت کے عزم کا بھی اعادہ کیا ہے ۔ وہ اُن سے ملنے آئے ہوئے کشمیر وادی کے ٹریڈرس کے ایک وفد کے ساتھ بات کر رہے تھے ۔

سکینہ ایتو

تعلیم ، صحت اور طبی تعلیم کی وزیر سکینہ ایتو نے چھانہ پورہ حلقے کا تفصیلی دورہ کر کے وہاں عوام کے لئے دستیاب صحت کی سہولیات کے علاوہ تعلیمی اداروں کی کار گزاری کا جائزہ لیا ۔ان کے ہمراہ چھانہ پورہ کے ایم ایل اے اشفاق احمد گورو کے علاوہ محکمہ صحت کے اعلیٰ افسران بھی تھے ۔ وزیر موصوفہ نے سول سیکریٹریٹ سرینگر میں منعقدہ افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران پردھان منتری جن وکاس کاریہ کرم کے پروجیکٹوں کو حتمی شکل دینے اور پھر عملی جامہ پہنانے کے امور کا جائزہ لیا ۔

چیف سیکریٹری

چیف سیکریٹری اٹل ڈلو نے نیشنل ہائی وے اتھارٹی آف انڈیا ، NHIDCL ، بیکن اور پروجیکٹ سمپرک سمیت دیگر سبھی متعلقین کے ساتھ ایک میٹنگ کر کے تمام عمل آوری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ وہ جموں کشمیر میں قومی
شاہراو

ں کی تکمیل سے متعلق حاصل کی گئی پیش رفت کی نسبت سے دو دو ہفتوں کے بعد رپورٹ ۂ سونپا کریں ۔ انہوں نے کہا کہ ان پروجیکٹوں کی نگرانی مرکزی حکومت میں اعلیٰ سطح پر کی جا رہی ہے، لہٰذا عمل آوری ایجنسیوں کو چاہئے کہ وہ ذمہ داری کا مظاہرہ کر کے کاموں میں کوئی تاخیر نہ ہونے دیں ۔

SOPs

جموں کشمیر خاص کر کشمیر وادی میں شدید گرم لہر کے پیش نظر محکمہ سکولی تعلیم نے سکولوں کے لئے کچھ معیاری رہنما خطوط جاری کئے ہیں ۔ ڈائریکٹر سکول ایجوکیشن کی طرف سے جاری کئے گئے ایک تفصیلی سرکیولر میں سکولوں سے کہا گیا ہے کہ وہ چھاو

---

ں والے مقامات پر مختصر مارننگ اسمبلی کروائیں ۔ سکول منتظمین سے کہا گیا ہے کہ وہ ۂ اور ٹھنڈک کا مناسب انتظام کریں ۔ Ventillation کلاس رومز میں

چنار کور طبی کیمپ

فوج کی چنار کور کی طرف سے گورنمنٹ ڈگری کالج لولاب میں ایک میگا طبی کیمپ کا انعقاد کیا گیا ، جس دوران مژھل سیکٹر میں حالیہ صورتحال کے تناظر میں منتقل کئے گئے لوگوں کی طبی و ذہنی کونسلنگ کی گئی ۔ اس دوران چنار کور نے ٹنگڈار کے بٹہ پورہ پنچایتی حلقے کے لوگوں کی مدد کے لئے بھی ایک کیمپ منعقد کیا گیا ۔ دفاعی ذرائع نے بتایا کہ کیمپ کے دوران مصیبت زدہ لوگوں میں کچھ ضروری امدادی سامان تقسیم کیا گیا ۔

گاندربل

ضلع ترقیاتی کمشنر گاندربل جتن کشور نے افسروں کی ایک میٹنگ کے دوران یاترا 2025 کے سلسلے میں تیاریوں کا جائزہ لیا ۔ انہوں نے بال تل روٹ سے آئندہ کی یاترا کے لئے تمام انتظامات بر وقت مکمل کرنے کی متعلقہ افسروں کو ہدایت دی ۔

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ

ڈپٹی کمشنر اننت ناگ سید فخر الدین حامد نے بھی یاترا کے نن ون اور چندن واڑی بیس کیمپوں کا دورہ کر کے وہاں یاترا 2025 کے سلسلے میں کئے جا رہے کاموں اور تیاریوں کا جائزہ لیا ۔

، اور دیگر متعلقہ محکموں کی طرف سے R & Bانہوں نے خاص طور پر محکمہ جل شکتی ، کھڑا کئے جا رہے بنیادی ڈھانچے کا بر سر موقع معائینہ کیا ۔

بڈگام

مہم کو شروع کرنے کے Catch The Rain ضلع ترقیاتی کمشنر بڈگام اکشے لابرو نے ضلع میں لئے ایک میٹنگ کی صدارت کی ۔ میٹنگ میں جانکاری دی گئی کہ ضلع کے دیہی بلاکوں میں پانی کو محفوظ کرنے کے لئے مختلف صورتوں کے 17 بڑے پروجیکٹ تعمیر کئے جائیں گے ۔

نشہ مکت جموں کشمیر

نشہ مکت جموں کشمیر ابھیان کے تحت ضلع انتظامیہ پلوامہ نے ضلع سوشل ویلفئر آفس کے اشتراک سے سکولوں کے لئے ایک آوٹ ریچ مہم شروع کی ہے ۔ اس مہم کا مقصد سکولی طالب علموں کو منشیات کے مضر اثرات سے با خبر کرنا اور انہیں سماج میں مثبت تبدیلیاں لانے کے لئے اپنا کر دار ادا کرنے پر آمادہ کرنا ہے ۔

بارہمولہ

ضلع ترقیاتی کونسل بارہمولہ کی چیر پرسن سفینہ بیگ نے واگورہ کریری علاقے کا تفصیلی دورہ کر کے وہاں زیر عمل ترقیاتی پروجیکٹوں پر کام کی پیش رفت کا جائزہ لیا ۔ موصوفہ نے مقامی لوگوں کے ساتھ بات کر کے انہیں یقین دلایا کہ ان کی ترقیاتی ضروریات اور جائز عوامی مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کیا جائے گا ۔

کولگام

سیکٹر سکیم کے تحت زیر Revamped Distribution ڈپٹی کمشنر کولگام اطہر عامر خان نے عمل کاموں کی پیش رفت کا ایک میٹنگ میں جائزہ لیا ۔ میٹنگ میں جانکاری دی گئی کہ 113 کروڑ روپے کی پروجیکٹ لاگت کے ساتھ اس سکیم کا مقصد بجلی کے ترسیلی بنیادی ڈھانچے کو لائنوں کی HTنیز LT مضبوط کیا جا نا ہے ، جس کے تحت ضلع میں 618 نئے ٹرانسفارمر اور تنصیب عمل میں لائی جائے گی ۔

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا ۔

ہمیں دیجئے اجازت

خدا حافظ